سبق: 9

ناگارجن ساگر

زراعت کی ترقی کے لئے سب سے بڑی ضرورت سینچائی کی ہوتی ہے۔ ہمارے ملک میں اب بھی لاکھوں ایکڑ زمین ایسی ہے۔جس میں سینچائی کی سہولت نہیں ہے۔ان علاقوں کے رہنے والے لوگ صرف بارش پر منحصر کرتے ہیں۔اس مشکل پر قابو پانے کے لئے طرح طرح کی کوششیں کی جاتی ہیں۔کہیں کہیں ندیوں تالابوں اور کنویں سے سینچائی کرکے فصل اُگائی جاتی ہے۔ کچھ علاقوں میں نہریں نکال کر کھیتوں میں پانی پہنچایا جاتا ہے۔ندی پر باندھ بنا کر پانی روک لیا جاتا ہے۔اور پھر اسے نہروں کے ذریعہ دوردراز حصوں تک پہنچادیا جاتا ہے۔ناگارجن ساگر بھی اسی طرح کا باندھ ہے جو آندھراپردیش میں کرشنا ندی پر بنایا گیا ہے۔ کرشنا ندی وندھیاچل کی پہاڑیوں سے نکل کر مہاراشٹر، کرناٹک اور آندھرا سے بہتی ہوئی خلیج بنگال میں جا گرتی ہے۔

ناگارجن ساگر دنیا کے اونچے باندھوں میں سے ایک ہے۔ اس کا سنگ بنیاد پنڈت جواہرلال نہرو نے رکھا تھا۔ یہ باندھ تقریباً150 کلومیٹر لمبا اور 150 میٹر اونچا ہے۔ اس کی دیوار جھیل بن گئی ہے۔ یہ جھیل ایک چھوٹا سا سمندر معلوم ہوتا ہے۔ اسی جھیل کا نام ناگارجن ساگر ہے۔

اس کے بائیں کنارے والی نہر کا نام شاستری نہر ہے۔ 1967 میں شریمتی اندرا گاندھی نے پہلی بار باندھ کے پانی کو ان نہروں میں چھوڑا۔ نہروں میں پانی کی مقدار کم یا زیادہ کرنے کے لئے باندھ پر لوہے کے مضبوط کواڑ لگائے گئے ہیں۔ جنھیں مشین کی مدد سے اوپر یا نیچے کیا جاسکتا ہے۔ ان نہروں سے آندھرا کی لاکھوں ایکڑ زمین کو پانی ملتا ہے۔ جس سے ریاست میں زراعت کو کافی ترقی ہوئی ہے۔

ناگارجن ساگر ایک اچھی تفریح گاہ بھی ہے۔ دُور دُور کے ملکوں سے سیاح اسے دیکھنے کے لئے آتے ہیں۔ جھیل میں کشتی رانی ہوتی ہے۔ جھیل کے بیچ میں ایک ٹاپو ہے جس پر ایک میوزیم بنایا گیا ہے۔ اس میوزیم میں بودھ مذہب کی وہ قدیم یادگاریں رکھی گئی ہیں جو کھدائی میں دستیاب ہوئی تھیں۔

ناگارجن ساگر باندھ ہمارے ملک کے انجینئروں کا کارنامہ ہے۔ یہ باندھ اس بات کا ثبوت ہے کہ انسانی محنت، لگن اور آپسی تعاون سے بہت کچھ حاصل کیا جاسکتا ہے۔ ہمارے ملک میں ایسے اور بھی کئی بڑے باندھ ہیں جیسے بھاکرانگل، تنگ بھدرا، ہیراکنڈ اور گاندھی ساگر۔ اگر ملک بھر میں اس طرح کے بہت سے باندھ بن جائیں تو ملک کی ترقی میں چار چاند لگ جائیں گے۔

عتیق اعظمی

پڑھیے اور سمجھیے

الفاظ		معنیٰ
زراعت	:	کھیتی باڑی
سہولت	:	آسانی
دوردراز	:	دوردور
سنگ بنیاد	:	نیو، بنیاد کا پتھر
منصوبہ	:	کام کرنے کا خاکہ، یوجنا
انتخاب	:	چننا
تعاون	:	مدد
تفریح گاہ	:	سیر کرنے کی جگہ
باندھ	:	باندھ جو پانی کو روکنے کے لئے بنایا جائے
قدیم	:	پرانا
سیاح	:	جگہ جگہ کی سیر کرنے والا
دستیاب	:	حاصل ہونا

سوچیے اور بتایئے

.1 ناگارجن ساگر کیا ہے؟

.2 کھیتوں میں پانی پہنچانے کے کیا کیا ذرائع ہیں

.3 ناگارجن ساگر باندھ کہاں ہے اور کس ندی پر بنایا گیا ہے؟

.4 ناگارجن ساگر باندھ سے کیا فائدے ہیں؟

نیچے دئے گئے لفظوں کو جملوں میں استعمال کیجئے

زراعت، سینچائی، باندھ، تفریح گاہ، تعمیر، منصوبہ

باندھ سے کیا کیا فائدے ہیں؟ پانچ جملے لکھئے

نیچے لکھے سوالوں کے صحیح جواب تلاش کر کے سامنے لکھئے

ناگارجن ساگر باندھ کہاں ہے؟

(الف) مہاراشٹر　　(ب) آندھراپردیش

(ج) کرناٹک　　(د) کیرالا

دنیا کے سب سے اونچے باندھ کا کیا نام ہے

(الف) ناگارجن ساگر باندھ　　(ب) بھاکڑانگل باندھ

(ج) گاندھی ساگر　　(د) تنگ بھدرا

ناگارجن ساگر باندھ کا سنگ بنیاد کس نے رکھا

(الف) جواہر لال نہرو　　(ب) لال بہادر شاستری

(ج) اندرا گاندھی　　(د) راجیو گاندھی

ناگارجن ساگر باندھ میں کس مذہب کی قدیم یادگار ہے؟

(الف) جین مذہب　　(ب) ہندو دھرم

(ج) اسلام مذہب　　(د) بدھ مذہب

ناگارجن ساگر باندھ کی اونچائی کیا ہے؟

(الف) 200 میٹر　　(ب) 250 میٹر

(ج) 150 میٹر　　(د) 300 میٹر